# الیکشن کمیشن آف پاکستان

## (شعبہ تعلقات عامہ)

## پریس ریلیز

مورخہ 19 جولائی، 2017

الیکشن کمیشن آف پاکستان نے ڈسٹرکٹ اینڈ ووٹرز ایجوکیشن کمیٹوں کو چاروں صوبوں میں متحرک کر دیا گیا ہے۔ جس میں ووٹرز رجسٹریشن، ووٹرز آگاہی مہم، خواتین اور معذوروں کی ووٹر رجسٹریشن میں سہولت کی فراہمی شامل ہے خصوصاً خواتین اور نوجوانوں میں کہ وہ اپنے ووٹ کی طاقت سے باخبر ہو جائیں۔ اس سلسلے میں چاروں صوبائی الیکشن کمشنرز پنجاب، (لاہور) سندھ (کراچی)، خیبر پختونخواہ (پشاور) اور بلوچستان (کوئٹہ) کو خصوصی ہدایات جاری کر دیں گئیں ہیں۔

ماہ جولائی میں (DVECs) کی ہر کمیٹی نے ضلعی سطح پر مختلف شاہراہوں پر ووٹر آگاہی مہم کے لئے واک کا اہتمام کیا۔ جس میں علاقے کے سرکردہ ولوگوں نے شرکت کی ساتھ ہی سول سوسائٹی، الیکٹرونک اور پرنٹ میڈیا بھی ان کے ہمراہ رہا اور انھوں نے ان واک کے ذریعے ووٹرز رجسٹریشن اور ووٹر آگاہی مہم سرانجام دیں۔۔جولائی 017 2 کے مہینے کے دوران (DVECs) نے ملک بھر میں 125 تقریبات منعقد کروائیں۔ واک کی سربراہی ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنرز نے کیں جو ہر ضلع میں ڈسٹرکٹ ووٹر ایجوکیشن کمیٹوں کا سربراہ مقرر کیا گیا ہے۔ ڈسٹرکٹ ووٹر ایجوکیشن کمیٹیوں خصوصا ان علاقوں میں مختلف تقریبات اور واک کا اہتمام کروا رہے ہیں۔ جہاں پر خواتین ووٹرز کی تعداد مردوں کی نسبت کم ہے۔ ڈسٹرکٹ ووٹر ایجوکیشن کمیٹیوں کی ووٹر آگاہی مہم عام انتخابات 2018ء تک جاری رہے گی۔ اگست کے مہینے میں ہر ڈسٹرکٹ ووٹر ایجوکیشن کمیٹی اپنے ضلع کے سکولوں، کالجوں اور یونیورسٹیوں میں طالب علموں کے لئے سمینار منعقد کروائے گی تاکہ نوجوانوں کو ووٹر رجسٹریشن اور ووٹ سے متعلق آگاہی حاصل ہو سکے۔

الیکشن کمیشن کے ترجمان ہارون خان شنواری نے تمام ڈسٹرکٹ ووٹر ایجوکیشن کمیٹوں کو ماہ جولائی کا مطلوبہ ہدف مکمل کرنے پر مبارک باد دی اور عوام، پرنٹ میڈیا اور الیکٹرونک میڈیا سے درخواست کی ہے کہ وہ ضلع سطح پر ڈسٹرکٹ ووٹر ایکمیٹوں کی تمام Activities میں ان کا بھرپور ساتھ دیں تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگوں کو بالخصوص نوجوانوں اور خواتین کو ووٹ رجسٹریشن، ٹرانسفر، تصیح وغیرہ کے لئے مطلوبہ معلومات حاصل ہو سکیں اور وہ بحیثیت ایک قومی فریضہ اپنے ووٹ کا استعمال عام انتخابات 2018ء میں یقینی بنائیں۔ الیکشن کمیشن کی یہ بھرپور کوشش ہے کہ 2018ء کے عام انتخابات میں مجموعی ٹرن آوٹ بڑھایا جائے اور اس کے لئے عوام بالخصوص نوجوانوں اور خواتین میں شعور پیدا کیا جائے کہ وہ اپنے ووٹ کا بھرپور استعمال کریں۔

☆☆☆☆☆☆☆